# NEWS

All Pakistan Furniture Makers Association



## آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری

آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کا ماہانہ اجلاس

گجرات کی صنعت فرنیچر سازی

حافظ عاصم جوئیہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر NAVTEC کی APFMA کے عہدیداران کیساتھ میٹنگ

گجرات کی فرنیچر انڈسٹری انشاءاللہ بہت جلد عروج پر ہوگی: مرزا محمد فیاض

ڈائریکٹر جنرل TDAP خالد رسول کے APFMA کی خصوصی میٹنگ

APFMA کے وفد کی ڈپٹی ایم ڈی پیسک کیساتھ ملاقات

A public service message by

# UNIFOAM

# 5 Essential Steps

to choose & care for Your UNIFOAM Mattress & Pillows

UNI | SHAHEEN | DREAM

## 1 Thickness

Choose a mattress according to your body weight

| Body Weight | Mattress Thickness |
|---|---|
| 40 to 60 kg | 5 - Inch |
| 60 to 80 kg | 6 - Inch |
| 80 & Above | 8 - Inch |

## 2 Bed Surface

Bed surface should be absolutely flat. Ply board should cover the entire width & length of the bed from headboard to footboard.

## 3 Pillow Usage

Please adjust your pillow thickness & replace it every year.

## 4 Care

Revolve and flip the mattress onc e a month.

## 5 Damage Prevention

Don't get your mattress wet either by water of fluids. Do not ever band / fold your mattress.



# پیغام



اللہ رب العزت کا بے حد شکر ہے کہ جس نے مجھے تیسری بار اپنی مخلوق کی خدمت کرنے کے لئے منتخب کیا۔ میں اپنے تمام دوستوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کیا' اللہ مجھے ان دوستوں کے اعتماد پر پورا اترنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ''اڑان پاکستان'' منصوبہ جو کہ وزیر اعظم پاکستان نے بنایا ہے جس کے تحت **2029**ء تک **60** ارب ڈالر کی معیشت کا ہدف رکھا گیا ہے اور یہی نہیں بلکہ **2035**ء تک **100** ارب ڈالر کی معیشت بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ایسے منصوبے جو پاکستان کی اقتصادی' معاشی حالت کو بہتر بنانے کیلئے بنائے جاتے ہیں اور دن رات ایسے منصوبوں کی ترقی و کامیابی کے لئے کمر بستہ ہو جائیں۔ **APFMA** کو بھی حکومت کی طرف سے پیغام ہے کہ ایسوسی ایشن بھی اس منصوبے کا حصہ بنے اور فرنیچر **Export** کے حدف کو پورا کرنے میں حکومت کا دست و بازو بنے۔ آیئے ہم سب مل کر اس منصوبے کو کامیاب بنائیں۔ میں دعوت دیتا ہوں اپنے سارے دوستوں کو' آئیں اور ایسے منصوبے کی کامیابی کے لئے اپنی اپنی آراء اور تجاویز دیں۔

## حاجی محمد افضل

چیئرمین

آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن



## مرزا زاہد فیاض سینئر وائس چیئرمین

میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے ہمیں یہ موقع فراہم کیا کہ ہم اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ میں پاکستان فرنیچر مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے تمام معزز اراکین کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے یہ موقع دیا۔ پاکستان، الحمدللہ، ایک ترقی کرتی ہوئی معیشت ہے اور فرنیچر کی صنعت میں بے پناہ ترقی کے مواقع موجود ہیں۔ ہماری تخلیقی صلاحیتیں، محنت اور جذبہ ہمیں عالمی مارکیٹ میں نمایاں مقام دلانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ بات درست ہے کہ اس وقت مہنگائی اور اقتصادی مشکلات کا سامنا ہے، لیکن یہ حالات ہمارے لیے نئے مواقع بھی پیدا کرتے ہیں۔ مہنگائی کے باوجود، مقامی سطح پر پیداوار بڑھانے اور جدید تکنیکوں کو اپنانے سے نہ صرف ہماری صنعت مضبوط ہوگی بلکہ ہم بیرونی منڈیوں تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ میں بطور سینئر نائب چیئرمین **APFMA** میں ہمیشہ فرنیچر سازوں کی نمائندگی کے لیے دستیاب ہوں اور ان میں اتحاد قائم کرنے کا باعث بننا چاہتا ہوں۔ آیئے ہم سب مل کر اپنی صنعت کو ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کا عزم کریں۔



## ماجد اقبال وائس چیئرمین

بطور وائس چیئرمین منتخب ہونے پر بارگاہ خداوندی میں سجدہ شکر بجالاتا ہوں۔ نے مجھے اس عہدے پر فائز ہونے کے قابل بنایا۔ میں آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے تمام ممبران کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کیا اور مجھے اس قابل سمجھا۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان کی توقعات پر پورا اترنے اور اس ایسوسی ایشن کی بہتری کے لئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ میں فرنیچر سازی کی صنعت سے وابستہ تمام صنعتکاروں کو یقین دلاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے اور آپ کے تعاون اور مشورہ سے اس ذمہ داری کو پورا کرنے کی پوری کوشش کروں گا۔ میری تمام عہدیداران و ممبران سے درخواست ہے کہ میری طرف سے اچھی کوشش کا ساتھ دیں اور جہاں کوئی کمی رہ جائے تو میری اصلاح کی جائے۔ آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے تمام سابقہ عہدیداران نے نہایت جانفشانی اور بہترین انداز میں اس صنعت کی ترقی اور تعمیر کے لیے بے لوث خدمات انجام دیں۔ میری کوشش ہوگی کہ اس سلسلے کو آگے بڑھایا جائے۔ اس صنعت سے وابستہ ساتھیوں کی خوشحالی کے لے کام کیا جائے گا۔







**Majid Iqbal**
*Vice Chariman*
Creative Hands Furnishers & Interior Gujrat



**Haji Muhammad Afzal**
*Chariman*
Bashir Desighn Furnishers Gujrat



**Mirza Muhammad Fiaz**
*Senior Vice Chariman*
Decent Furnishers Gujrat

# Executive Committee 2024-26

## Corporate Class



**Farrukh Saeed Ansari**
Wood Co Furnishers
Gujranwala



**Ali Jan Qureshi**
Riaz Furnishers
Gujrat




**Khurram Aftab**
Wood Hive Furnishers & Interior Designer
Rawalpindi



**Umar Farooq Mughal**
Mughal Associates
Gujrat

## Associate Class



**Moiz Ayub**
Modern Ply Wood
Gujrat



**Abid Munir**
Dream Home Furnishers and Interior
Sialkot



**Sheikh Abdul Rasheed**
Wood Street Furnishers Compnay
Lahore



**Muhammad Ali Mughal**
Ali Traders
Gujrat



**Mudassar Iqbal**
Grace Furnishers
Gujrat



# استغفار

تحریر: حاجی محمد افضل

معافی مانگنا اور معاف کر دینا۔ دونوں ہی بڑے اعلیٰ کام ہیں۔ بڑی ہی برکتیں ہیں ان دونوں کاموں کی۔ کوئی غلطی ہو جائے' چھوٹی یا بڑی' بس استغفار کرو۔ تو کیا ملے گا۔
قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے (سورہ نوح آیت نمبر 10)
ترجمہ:

1۔ اپنے رب سے گناہوں کی معافی مانگو۔ وہ یقیناً بڑا بخشنے والا ہے۔

2۔ آسمان سے رحمت کی بارش برسائے گا۔

3۔ تمہیں مال اور اولاد دے کر تمہاری امداد کرے گا۔

4۔ تمہیں باغات دے گا اور تمہارے لئے نہریں نکال دے گا۔

یہ ساری خوشخبریاں ایمان والوں کے لئے۔ اللہ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ہمارے ایک پروفیسر ڈاکٹر آفتاب معروف جو کہ آج کل نیشنل یونیورسٹی میں VC ہیں۔ کہا کرتے ہیں کہ رات ہونے سے پہلے اپنے TinderBox اتار دیا کرو ورنہ ان کا شور تمہیں رات کو سونے نہیں دے گا۔ TinderBox ہیں کیا؟ یہ وہ خالی ٹین کے ڈبے ہیں جو آپ دن بھر مختلف لوگوں کو تکلیف دے کر' کسی کا راستہ کاٹ کر' کسی کو مذاق کر کے کسی کی دل آزاری کر کے' کسی کا حق مار کر وغیرہ' اپنے ساتھ باندھ لیتے ہیں۔ ان سے چھٹکارہ حاصل کر کے انسان آرام کی نیند سو سکتا ہے۔ وگرنہ نہیں۔ اگر کبھی ایسا ہو جائے تو اس متعلقہ شخص سے معافی مانگ لو تا کہ اللہ تم پر رحم کرے اور اگر آپ کے ساتھ کوئی زیادتی کر جائے تو اس کو معاف کر دو۔

جب آپ کسی کو دل سے معاف کر دو گے تو آپ کو ذہنی سکون ملے گا۔ نتیجتاً آپ کی صحت اچھی ہو گی۔ آپ اپنا کام سکون سے کرو گے۔ آپ کا اپنے کام پر فوکس اچھا ہو گا اور آپ ترقی کرو گے۔ بصورت دیگر اگر آپ نہیں معاف کرینگے تو کڑھتے رہیں گے۔ غصہ کرتے رہیں گے۔ ذہنی تناؤ کا شکار ہو جائیں گے۔ بلڈ پریشر' پریشانی' ڈپریشن وغیرہ جو کہ آپ کی صحت پر مضر اثرات ڈالیں گے۔ منفی سوچیں جنم لیں گے اور منفی سوچیں انسان کو بیمار کر دیتی ہیں۔

جو لوگ معاف کرنا آسان رکھتے ہیں وہ زندگی کے معاملات کو آسانی سے حل کر لیتے ہیں اور مخلوق سے بہت مضبوط تعلق استوار کر لیتے ہیں۔

وہ میرے چہرے تک اپنی نفرتیں لایا تو تھا
میں نے اس کے ہاتھ چومے اور بے بس کر دیا

دعا ہے اللہ تعالیٰ محبتیں بانٹنے اور نفرتیں مٹانے کی توفیق عطا فرمائے۔
خوش رہیں' مسکراتے رہیں۔

Bashir Design Furniture
ISO 9001:2018

# HOME Furniture



+92 321 4557125 bashirdesign.com mafzal313@yahoo.com





# آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کا سالانہ جنرل اجلاس

## صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی خصوصی شرکت‘ نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا

## پاکستان بھر سے فرنیچر مینوفیکچررز سمیت تجارتی تنظیموں کے عہدیداران نے بھرپور شرکت کی

آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کا سالانہ جنرل اجلاس جمخانہ گجرات میں منعقد ہوا۔ جس میں مہمان خصوصی صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین تھے۔ تقریب میں پاکستان بھر سے فرنیچر مینوفیکچر سمیت تجارتی تنظیموں کے عہدیداران بھی شریک ہوئے۔ مہمانوں کا استقبال سابق چیئرمین حماد اسلم، چیف پیٹرن انصر محمود گھمن، الحاج امجد فارق‘ علی انصر گھمن، چیئرمین حاجی محمد افضل، حاجی محمد اکرم، معین ظفر، علی جان قریشی‘ رانا بلال اور دیگرا ایگزیکٹو ممبران نے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے بلامقابلہ منتخب ہونے والے عہدیداران، چیئرمین حاجی محمد افضل، سینئر وائس چیئرمین مرزا زاہد فیاض، وائس چیئرمین ماجد اقبال، ایگزیکٹو ممبران فرخ سعید انصاری، علی جان قریشی، خرم آفتاب، عمر فاروق مغل، مدثر اقبال، محمد علی مغل، عابد منیر، شیخ عبدالرشید، معیز ایوب سے حلف لیا اور سابقہ عہدیداران کو اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈز دیں۔ تقریب سے علی انصر گھمن‘ حاجی محمد افضل‘ حماد اسلم ودیگر نے خطاب کیا۔ تقریب میں عابد فاروق‘ چوہدری پرویز اقبال، سابق صدر گجرات چیمبر سکندر اشفاق، قیوم نذر، چیئرمین پاٹری ایسوسی ایشن حاجی محمد زاہد، چوہدری عمر بشیر سیکرٹری جمخانہ، جواد حسین جعفری، شیخ انصر قذافی، خرم الطاف بھٹی، طارق بلال ملک، ڈاکٹر اعجاز بشیر، شیخ اقبال اختر‘ علی شان، اقبال گھمن، چوہدری جمشید اقبال، معصوم قمر، چوہدری یاسر وڑائچ نت، صابر حسین جنجوعہ، طارق جنجوعہ، عمر طارق جنجوعہ، نعمان جاوید، مرزا عابد بشیر، ڈاکٹر امین گل، علی مغل، ماجد منیر قریشی، طارق چیمہ، طلحہ اختر، چوہدری محمد رزاق صدر پاکستان مسلم لیگ ناروے، سلمان بٹ، ڈاکٹر انصر جاوید جرمنی، چوہدری علی ابرار جوڑا، حاجی محمد اکرم، مرزا ابلال اکرم، صدر گجرات پریس کلب سید نوید شاہ شفیق احمد طاہر ودیگر ممتاز شخصیات شریک تھیں۔











































# حافظ عاصم محمود جوئیہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن کی

# کی آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران سے میٹنگ






حافظ عاصم محمود جوئیہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر (نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن) کی آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران سے میٹنگ کی۔ اس موقع پر ماجد اقبال، سابق چیئرمین علی انصر گھمن، علی جان قریشی، بشارت جنجوعہ، محمد علی مغل و دیگر موجود تھے۔ ماجد اقبال نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو بریفنگ دی۔ فرنیچر انڈسٹری کی ترقی سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بعدازاں حافظ عاصم محمود جوئیہ نے ٹرینڈ فرنیچر کا دورہ کیا، فرنیچر کے جدید ڈیزائن، کوالٹی اور معیار کو سراہا۔ عاصم جوئیہ نے فرنیچر ایسوسی ایشن کی فرنیچر ٹیکنیشن کورس کے لئے خدمات کو سراہا اور اس معاملے میں ہر طرح کی معاونت کی یقین دہانی کروائی۔ عاصم جوئیہ نے کہا کہ اگر فرنیچر انڈسٹری فرنیچر ڈیویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں لائے گی تو اس کے لئے اساتذہ اور ماسٹر ٹرینرز کے لئے نیشنل ووکیشنل ٹریننگ کمیشن فنڈز اور ٹریننگ فراہم کرے گا۔

# TRENDLINE
## FURNISHERS



*Furnishing Your Dreams Passionately*

www.trendline.com.pk

G.T. Road, Gujrat. (50700) Pakistan.
+92 53 3706167-68  +92 53 3706169  +92 301 8617193
trendlinefurnishers@gmail.com


ISO 9001 : 2008 Certified Company



مرزا محمد بشیر (مرحوم) کے صاحبزادے

ممتاز سماجی و کاروباری شخصیت

# مرزا محمد فیاض



منیجنگ ڈائریکٹر ڈیسنٹ فرنیچرز گجرات

- انشاء اللہ مستقبل قریب میں گجرات کی فرنیچر انڈسٹری بہت ہی بہتر پوزیشن میں ہوگی
- گجرات میں جرمن پلانٹ لگا کرون بورڈ اور پلائی کی کمی کو پورا کیا گیا
- خدمت خلق کے جذبہ کے تحت بشیر ہسپتال اور عائشہ بشیر کلفٹ ہسپتال کی بنیاد رکھی
- ہمیں نوجوان نسل پر اعتماد ہے' پاکستان کا مستقبل تابناک ہے

مرزا محمد فیاض کا شمار گجرات کی ممتاز کاروباری و سماجی شخصیات میں ہوتا ہے۔ وہ ڈیسنٹ فرنیچرز گجرات کے منیجنگ ڈائریکٹر ہیں۔ مرزا محمد فیاض نے گجرات سے بی اے کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اپنے والد کے ساتھ فرنیچر بنانے کے کاروبار میں مدد فراہم کی اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کاروبار کو ترقی دینے کے لیے بھرپور محنت کی۔ وقت کے ساتھ، انہوں نے اپنے والد اور بھائیوں کے ساتھ مل کر اس کاروبار کو ایک جدید اور ترقی یافتہ سطح پر پہنچایا، جس کے نتیجے میں کمپنی کے مصنوعات امریکی اور یورپی مارکیٹوں تک پہنچے۔ پاکستان میں سیاسی اور معاشی عدم استحکام کے باوجود، انہوں نے ہمت نہیں ہاری اور ہر چیلنج کا مقابلہ کرتے ہوئے فرنیچر کی فیکٹری کو جاری رکھا۔ انہوں نے لندن میں ایک گودام اور شوروم قائم کیا اور دنیا بھر کی نمائشوں میں اپنی کمپنی کے فرنیچر کو کامیابی سے پیش کیا، جس سے کاروبار کو عالمی سطح پر مزید پہچان ملی۔

مرزا محمد فیاض نے ایک ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کسی پر اپنی رحمت کرنا چاہتے ہیں تو اس کے دل میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ میرے دادا مرزا احمد دین جلالپور جٹاں میں فرنیچر سازی کرتے تھے' اسکے ساتھ ارد گرد کے لوگوں کے بچوں کو فرنیچر سازی کا ہنر سکھاتے تھے۔ **1928**ء کے میں میرے والد محترم محمد بشیر پیدا ہوئے۔ وہ ابتدائی تعلیم کے بعد میرے دادا نے فرنیچر سازی کے ساتھ فرنیچر سازی کے شعبے سے منسلک ہوگئے۔ میرے والد کے سکول میں ہم جماعت عظمت اے شیخ (خانہ کعبہ کی تصاویر بنانے میں شہرت یافتہ اور بنکنگ میں ترقی کر کے اعلیٰ مقام حاصل کرنے والے میر تجمل شامل تھے)۔

الحاج مرزا محمد بشیر نے جب کاروبار میں شمولیت کی تو فرم کا نام احمد دین محمد بشیر فرنیچر مینوفیکچررز رکھا گیا اور ریلوے روڈ گجرات پر فرنیچر بنانے کا اس وقت کا جدید کارخانہ لگایا۔ گورنمنٹ کنٹریکٹر کے طور پر شہرت حاصل کی۔ کوالٹی فرنیچر کی سپلائی کی' پی ایم اے کاکول' فوجی ہیڈ کوارٹر سرکاری دفاتر کے علاوہ گھریلو فرنیچر میں کمال حاصل کیا۔ **1960**ء میں ڈیسنٹ فرنشرز کے ماڈرن نام سے انڈسٹری رجسٹرڈ کروالی۔ جرمن' اٹلی' انگلینڈ سے جدید مشینری لا کر ہر وقت جدید طریقہ کار اپنایا۔ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلوائی' وہ پاکستان کے مایہ ناز انجینئر بنے۔ منگلا ڈیم اور تربیلا ڈیم کو بطور چیف انجینئر تعمیر کروایا۔ **1970**ء میں بڑے بھائی مرزا محمد ریاض اور میں نے والد صاحب کا ساتھ دینا شروع کیا اور راولپنڈی میں شوروم بنایا۔ ساتھ ہی امریکہ اور انگلینڈ میں ایکسپورٹ شروع کی۔ مارکیٹ میں اچھا ون بورڈ اور پلائی نہیں ملتی تھی۔ والد صاحب نے جرمن پلانٹ لگا کر وہ کمی بھی پوری کر دی۔ خدمت خلق کے جذبہ کے تحت ہم بھائیوں نے ریلوے روڈ پر شوروم کی جگہ پر بشیر ہسپتال کی بنیاد رکھی جس کے ذمہ دار ڈاکٹر اعجاز بشیر ہیں۔ عائشہ بشیر ہسپتال کلفٹ سنٹر ہمارے خاندان کی آخرت سنوارنے کا سبب بھی بنی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فرنیچر انڈسٹری کی ترقی کے لئے الحاج مرزا بشیر مرحوم کی اولاد دن رات کوشاں ہے۔ ہم میں فرنیچر ڈیزائنر' انجینئر' پروڈکشن انچارج موجود ہیں۔ عمر فیاض مینجمنٹ آپریشن' مرزا زاہد' مرزا فیاض پراڈکٹ فرنیچر ڈیزائن میں انگلینڈ سے ڈگری ہولڈر ہیں۔ فرنیچر سازی کی جدید مشینری کی کوششیں جاری ہیں۔ انشاء اللہ مستقبل قریب میں گجرات کی انڈسٹری بہت ہی بہتر پوزیشن میں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں نوجوان نسل پر پورا اعتماد ہے۔ انشاء اللہ گجرات اور پاکستان کا مستقبل بہت روشن اور تابناک ہے۔

# GEO FURNITURE

**ELEGANT & VERSATILE**

**MANUFACTURE & EXPORTER**





**HEAD OFFICE & DISPLAY**

G.T Road
Gujrat,
Ph: 053-3706287
0301-8620699

**ISLAMABAD**

Main Gorla Road,
Islamabad
0300-0545321
0300-0545331

**DHA-II**

Opp Giga Mall
Gate 4 Islamabad
0300-0545327
0300-0705222

Web: www.geofuniture.com

# NM FURNISHERS

*where comfort & novelty go parallel*

This dining set combines modern design with timeless sophistication.

Featuring leather chairs for unmatched comfort and durability,

It pairs beautifully with a wooden table adorned with a striking brass inlay top.

The set's clean lines and luxurious materials make it a perfect choice to elevate any dining space





*Minimilist Aesthetic*

*Premium Quality*

*Sophisticated Comfort*

*Ergonomic Seating*



www.nmfurnisher.com
nmfurnishers

Gujrat, Lahore, Islamabad, Karachi

UAN:92-53-111-111-162
nmfurnishers



# آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کا پہلا ماہانہ اجلاس زیرِ صدارت چیئرمین حاجی محمد افضل منعقد ہوا



آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کا ماہانہ اجلاس زیرِ صدارت چیئرمین حاجی محمد افضل کی زیر صدارت میری نیٹ ریسٹورنٹ جی ٹی روڈ میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت فرخ سعید نے حاصل کی۔ اجلاس کے آغاز میں چیئرمین حاجی محمد افضل نے اگلے دو سال کے لئے ترجیحات پیش کیں جس کو تمام ممبران نے سراہا۔ اس سال فرنیچر نمائش لگانے کا اعلان کیا گیا جس کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی۔ چیئرمین نے اس بات کو یقینی بنایا کے ممبران سے رابطے اور ان کے مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔ جس کی وجہ سے ایسوسی ایشن کی مقبولیت اور زیادہ ہو سکے۔ حاجی محمد افضل کو کامیاب میٹنگ اور عہدے کا چارج سنبھالنے پر تمام ممبران نے مبارکباد دی۔ اس موقع پر سابق چیئرمین حماد اسلم نے ایسوسی ایشن کے اکاؤنٹس پر بریفنگ دی جس کی تمام ممبران نے اپروول دی۔ اجلاس میں چیئرمین حاجی محمد افضل، سینئر وائس چیئرمین مرزا زاہد فیاض، وائس چیئرمین ماجد اقبال، سپریم کونسل ممبر علی عنصر گھمن، قیوم نذر، معین ظفر، حماد اسلم سمیت رانا محمد بلال، عابد فاروق، عنصر قذافی، فرخ سعید، عابد منیر، خرم آفتاب، معیز ایوب، محمد علی مغل، ثاقب منیر، ندیم، علی جان اور عمر نواز و دیگر نے شرکت کی۔





# APFMA کے وفد کی ڈپٹی ایم ڈی پیسک کیساتھ ملاقات









آل پاکستان فرنیچر میکر ایسوی ایشن کے وفد کی ڈپٹی ایم ڈی پیسک کے ساتھ ملاقات۔ فرنیچر ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس حوالے سے ایم ڈی PESIC نے آنے والے دنوں میں مل کر کام کرنے اور اس ادارے کو بنانے اور اس کی ورکنگ باڈی کو ڈیزائن پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ ڈپٹی ایم ڈی پیسیک نے کہا کہ گجرات انڈسٹری نے فرنیچر ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ کے لئے جو سفارشات مرتب کی ہیں وہ نہایت موزوں ہیں ۔ اس معاملے میں ہر طرح کی معاونت کرینگے۔ اس سلسلے میں پہلی میٹنگ ہوئی اس کے آنے والے دنوں میں مزید تفصیلی بحث کرنے اور اس کے انتظامی ڈھانچہ کی شکل مزید بہتر کرنے کے لئے بھی غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔




M.N
Furnishers
CEO
Haji Muhammad Nawaz
DIRECTOR
UMER NAWAZ
Jalalpur Jattan Road Gujrat, Ph: 0321-6262371


LANDMARK
FURNISHERS
Address: G.T Road, Gujrat (50700), Pakistan. Mobile No. 0092 322 6299992



# گجرات کی صنعت فرنیچر سازی

برصغیر میں عہد مغلیہ میں مسلمان فرنیچر سازی کا ہنر اپنے ساتھ لائے۔ مسلمانوں کی فنکارانہ فطرت کی وجہ سے فنون لطیفہ کو بڑا فروغ ملا۔ لکڑی کے فرنیچر اور عمارتوں پر منوط ان کی فنکاری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے منوط کاری کے فن کو اس خوبصورتی سے کیا کہ آج یہ منوط کا کام قدرت کا ایک حسین عجوبہ معلوم ہوتا ہے۔ خوبصورت فرنیچر کی نمائش کیلئے انہوں نے بہت ہی دیدہ زیب فرنیچر شوروم بنا رکھے ہیں۔ گجرات فنکاروں کی دھرتی ہے۔ یہاں کی فیکٹریوں میں بہت ہی خوبصورت فرنیچر بنایا جاتا ہے۔ ان فیکٹریوں کے مالکان بھی اس بات کا خوب ادراک رکھتے ہیں۔ گجرات نہ صرف اندرون ملک فرنیچر کی ضرورت کو پورا کرتا ہے بلکہ دنیا کے بے شمار ممالک کو برآمد بھی کرتا ہے۔ اسطرح صنعت کی افزائش کے ساتھ ساتھ زرمبادلہ بھی کماتا ہے۔

ایک وقت تھا کہ ایک کاریگر تن تنہا بغیر کسی مشین کی مدد کے فرنیچر بناتا تھا۔ مگر آج کل فرنیچر سازی ایک انڈسٹری کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ بڑے ماہر تجربہ کار اعلیٰ تعلیم یافتہ ہنرمند افراد جدید مشینوں اور آلات کی مدد سے بڑی عمدہ قسم کا فرنیچر بناتے ہیں۔ ہم اپنے شب وروز کا بہت سا وقت فرنیچر کے ساتھ گزارتے ہیں۔ ہم فرنیچر گھروں میں، دفتروں میں عوامی جگہوں پر آمدورفت کے ذرائع میں استعمال کرتے ہیں۔ فرنیچر ہماری زندگی کا اہم جزو ہے۔ گجرات میں بہت اعلیٰ فرنیچر تیار کیا جاتا ہے۔ یہ انڈسٹری دن بدن ترقی کر رہی ہے۔ کاروبار کی دنیا میں اب فرنیچر سازی بڑی اہمیت کا حامل پیشہ ہے۔ پاکستان میں 2 شہر گجرات اور چنیوٹ فرنیچر سازی کے اعتبار سے فرنیچر سٹیز کہلاتے ہیں۔ یہ دونوں شہر ہی پورے ملک کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں۔ گجرات میں تقریباً 250 کے قریب چھوٹے بڑے کارخانے مصروف کار ہیں۔







گجرات میں فرنیچر کے تین علاقے ہیں۔

1: ریلوے روڈ

2 نیو مارکیٹ

3: جی ٹی روڈ

فرنیچر کو مندرجہ ذیل کئی اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

1: گھریلو فرنیچر۔2: آفس فرنیچر۔3 سکول فرنیچر۔4: ہسپتال۔5: ہوٹل

مندرجہ بالا اقسام کو مزید ان کی قسم کو مقصد اور میٹریل کے اعتبار سے تقسیم کیا جاسکتا ہے۔تجربہ کار ہنرمند کسی بھی انڈسٹری میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔گجرات میں تقریباً 5000 ہنر مند اعلیٰ قسم کا فرنیچر بنانے میں شب و روز مصروف ہیں۔اس کے علاوہ گجرات میں ہی **Wood Working Service Center** لوگوں کو یہ ہنر سکھا رہا ہے۔کارخانوں کے درمیان فرنیچر بنانے کا ایک اچھا مقابلہ لگا رہتا ہے۔جس وجہ سے ہر کوئی بہتر سے بہتر مصنوعات بنانے میں مصروف ہے۔بہت سے لوگ گھریلو سامان بناتے ہیں۔فرنیچر خریدنے والوں میں زیادہ تعداد گھروں کی تزئین و آرائش کرنے والوں کی ہے۔اس کے علاوہ کارپوریٹ سیکٹر اور تعلیمی ادارے بھی کافی فرنیچر خریدتے ہیں۔بجلی کی قلت فرنیچر انڈسٹری کی ترقی اور خوشحالی کے لئے بہت بڑی رکاوٹ ہے اور غیر علانیہ لوڈشیڈنگ زیادتی پر زیادتی ثابت ہوئی ہے۔اس کا اثر **Products** پر پڑتا ہے اور چیز مہنگی ہو جاتی ہیں۔

نئے اور خوبصورت ڈیزائن گجرات کے فرنیچر کو ممتاز کرتے ہیں اور یہاں کے کاریگر ہر طرح کا ڈیزائن بنانے میں ماہر ہیں۔خواہ وہ وکٹورین ہو، اٹالین ہو، ٹریڈیشنل ہو یا کوئی جدید ڈیزائن ہو۔ گاہک کی ضرورت کے مطابق بھی ڈیزائن کر لیتے ہیں۔دوسرے شہروں کی نسبت گجرات کے فنکار کاریگر کم اجرت پر کام کرتے ہیں اور اس سے اشیاء کی قیمتوں پر کسی حد تک کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔اچھی اور پائیدار لکڑی کا استعمال گجرات کی انڈسٹری کا امتیازی کارنامہ ہے۔قدرتی سیزننگ کے علاوہ لکڑی کو سیزن کرنے کے لئے کئی جگہ پر سیزننگ کلن بھی نصب ہیں تاکہ معیاری اور اچھی لکڑی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

فرنیچر کے اداروں کے درمیان کمزور تعلقات

بہت سے اداروں کے درمیان بڑے ہی کمزور تعلقات ہیں۔جس کی وجہ سے **Technical** معلومات کا تبادلہ نہیں ہوتا ہے۔نتیجتاً انڈسٹری کی ترقی خاطر خواہ نہیں ہو پاتی۔ضرورت ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے یا **All Furniture Makers Association Gujrat** کی طرف سے ان لوگوں کو ماہانہ دار تربیت یا جدید معلومات کی فراہمی کا انتظام ہونا چاہیے۔بہت سے ادارے جدید تکنیکی معلومات نہ ہونے کی وجہ سے کوالٹی اور اپنی کارکردگی کو بہتر نہیں بنا سکتے اس طرح نہ صرف ملکی بلکہ غیر ملکی ضرورت اور ان کے معیار پر پورا نہیں اتر سکتے۔بہت سے اداروں کے تنظیمی ڈھانچے میں بنیادی انتظامیہ کی بھی کمزوری ہے۔جس وجہ سے وہ اپنے اندرونی شعبہ جات میں صحیح طور پر معلومات کا تبادلہ نہیں کر سکتے۔جس کے نتیجہ میں ان کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔نئے ڈیزائن اور نئے انداز کو اپنا کر اس فرنیچر سازی کی صنعت کی شہرت کو بڑھایا جاسکتا ہے۔جدید تکنیکی مہارت حاصل کر کے فرنیچر سازی کے عمل کو اور اس کی کارکردگی کو بڑھایا جاسکتا ہے۔مارکیٹنگ کے جدید انداز اپنا کر نئی مارکیٹیں **Explore** کر مارکیٹ کے حصہ کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ملکی اکنامک حالات ہر انڈسٹری کے لئے خطرہ کی گھنٹی ہیں۔بجلی کا بحران کسی بھی انڈسٹری کے لیے زہر قاتل سے کم نہیں۔غیر متوازن مقابلہ بازی انڈسٹری کے درمیان چھوٹے یونٹ کو نقصان پہنچاتا ہے۔لکڑی کی فراہمی کا فقدان فرنیچر سازی میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔راء میٹریل کی مستقل اور یقینی فراہمی سے صنعتیں ترقی کریں گی۔نئے ڈیزائن کرنے کے لئے کوئی ڈیزائن ماسٹر میسر ہو جائے تو ترقی یقینی ہو جاتی ہے۔یونیورسٹی آف گجرات (**UOG**) اس کام میں معاون ہو سکتی ہے۔کاریگر کا حصول یقینی ہو جائے تو صنعت ترقی کرتی ہے۔**TEVTA** کاریگروں کی تعلیم و تربیت با آسانی کر سکتا ہے۔مارکیٹ کے بارے میں معلومات میسر آجائیں تو بہتری ہو سکتی ہے۔یہ کام گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا **RND** شعبہ کر سکتا ہے۔مارکیٹنگ سرگرمیوں میں حصہ لینے سے بہتری آسکتی ہے۔ہمیں چاہیے کہ ہم ان خطرات سے نبرد آزما ہو کر ترقی کے لیے کوششیں جاری رکھیں۔





# WOODCO®

Home Furniture • Institutions Furniture
Office Furniture • Imported Furniture
Accent Items

E.mail : info@woodco.com.pk   woodcointeriorsgrw



## WOODCO FURNITURE

Pindi By-Pass, Beside Board of Education, Gujranwala (52250) Pakistan.
Tel: +92-55-3890631-2

**Rana Muhammad Bilal**
*0300-6271480   0321-6238862*

# A.B Pakistan International

**Importer & Exporter**

We can provide all Products from china

- Hard Ware
- Fancy Hard Ware
- Machinery
- Tools





*12"- 14" -16" - 18" Sizes are available*





*Circular Road, Purana Jalalpuri Adda, Gujrat*
*Email: bilalshafi74@hotmail.com , bilalshafi74@yahoo.com*









# ڈائریکٹر جنرل TDAP خالد رسول کے APFMA کی خصوصی میٹنگ

خالد رسول ڈائریکٹر جنرل TDAP پنجاب کیساتھ آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور ممبران کی میٹنگ ہوئی۔ اس میٹنگ میں فرنیچر سینٹر آف ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ' فرنیچر انڈسٹری اسٹڈی اور بیرون ملک وفود کیلئے درخواستیں فائنل کرنے پر بات ہوئی۔ خالد رسول نے فرنیچر انڈسٹری کی کاوشوں کو سراہا اور ملکر انڈسٹری کی ترقی کے لئے کام کرنے پر اتفاق کیا۔






STARCO
Pakistan Standards
Maximum Air Delivery at 30 Watts
#سب سے زیادہ ہوا
NEECA Approved
Pioneer
in manufacturing Energy Saving Fans
حکومت پاکستان کے ادارے PSQCA سے منظور شدہ
www.starco.pk
starcopk


# چیئرمین حاجی محمد افضل کی زیرِ صدارت APFMA کی ماہانہ میٹنگ



آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کا ماہانہ اجلاس زیرِ صدارت چیئرمین حاجی محمد افضل میری نیٹ ریسٹورنٹ جی ٹی روڈ گجرات میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت حاجی محمد افضل نے حاصل کی۔ اجلاس کے آغاز پر چیئرمین حاجی محمد افضل اور علی انصر گھمن نے CIFF چائنہ IFF ترکی کے دورے پر بریفنگ دیتے ہوئے ممبران و عہدیداران کو آگاہ کیا کے یہ دورے ہماری انڈسٹری کے لئے انتہائی فائدہ مند ہیں جس پر تمام ممبران نے اتفاق کیا۔ علی عنصر گھمن نے PSIC اور FDI میں کی گئی میٹنگز کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے بتایا کہ ہماری پریزنٹیشن PSIC کو پسند آئی، جس پر تمام ممبران نے خوشی کا اظہار کیا۔ اجلاس میں میگزین کے اجراء پر سب ممبران نے اپنی اپنی رائے دی اور میگزین کو مزید اپ ڈیٹ کرنے اور جلد از جلد اجراء کی منظوری دی گئی۔ علی عنصر گھمن نے میگزین کے اجراء کے لئے ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا جس کو حماد اسلم، معیز ایوب اور عمر نواز لیڈ کریں گے۔ علی عنصر گھمن نے جدّہ سنگل کنٹری ایکسپو پر بھی بریفنگ دی۔ چیئرمین حاجی محمد افضل نے نیو ممبرشپ کے لئے ایک کمیٹی بنانے کی تلقین کی جس پر تمام ممبران کی رائے سے کمیٹی بنائی گئی جسے رانا بلال، حماد اسلم، ماجد اقبال اور معین ظفر لیڈ کریں گے۔ نیو سیکرٹری جنرل کی تقرری کے لئے تمام ممبران نے منظوری دی اور ایسوسی ایشن میں آنے پر مبارک باد پیش کی۔








**Apply for admissions**: https://ucs.edu.pk/admissions/
**For queries**: 0303-2748000053-3706107 - 053-3706207
**Write Us at**: 7034@ucs.edu.pk
Main GT Road, Near Hardees adjacent to Suzuki Motors , Gujrat

# MODERN PLYWOOD



3D UV, Acrylic UV, Aluminium UV, Melamine, Door Skin
Hard Board,HDF, MRX, Shutter Board Lamination, MDF,
Lamination , All Malaysian Products,Hardware, Door Locks,
Screws, Kitchen Accessories, Hinges & much more.....

**Moiz Ayub**

Sargodha Road, Gujrat.
Cell: 0331-9092292

www.riazfurnitures.com

Since 1932

# Riaz Furnishers (PVT) Ltd.





Railway Road Gujrat

+92 53 3514967

0300 9624817

riazfurnishers@yahoo.com




# فرنیچر اور انٹیریئر ڈیزائن میں CAD کا کردار

آج کے دور میں ٹیکنالوجی نے ہر شعبے میں انقلابی تبدیلیاں پیدا کی ہیں، اور فرنیچر اور انٹیریئر ڈیزائن بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ CAD یعنی *Computer-Aided Design* ایک ایسی ٹیکنالوجی ہے جو ڈیزائننگ کو نہایت آسان اور جدید بناتی ہے۔ فرنیچر کے ڈیزائن اور انٹیریئر کی پلاننگ میں CAD کا استعمال دن بدن بڑھتا جا رہا ہے، اور اس نے روایتی طریقوں کو تقریباً ختم کر دیا ہے۔ آج CAD سافٹ ویئر کی مدد سے تھری ڈی ڈیزائنز بنانا پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہو گیا ہے۔ جدید سافٹ ویئرز جیسے AutoCAD، SketchUp، اور Rhino 3D کی بدولت پیچیدہ ڈیزائن بھی چند کلکس میں تیار ہو سکتے ہیں۔ تھری ڈی ڈیزائنز کے ذریعے کسی بھی فرنیچر کے مکمل ماڈل کو دیکھنا ممکن ہوتا ہے، اور ڈیزائن کی خوبصورتی اور فعالیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اب نئی ٹیکنالوجیز کی مدد سے CAD کام کو مزید آسان بنایا جا رہا ہے۔ AI (Artificial Intelligence) کی شمولیت نے CAD کے عمل کو تیز اور مؤثر بنا دیا ہے۔ AI کی مدد سے پیچیدہ کام، جیسے پھولدار (floral) ڈیزائن یا دیگر تفصیلی پیٹرنز، خودکار طریقے سے تیار کیے جا سکتے ہیں۔ اس سے ڈیزائنرز کے کام کا بوجھ کم ہو جاتا ہے اور وہ اپنی تخلیقی صلاحیتوں پر زیادہ توجہ دے سکتے ہیں۔

فرنیچر کی تیاری میں CAD ڈیزائنز کے بعد مشینوں کا کردار بہت اہم ہے۔ آج کے دور میں 3D Printers کی مدد سے فرنیچر کے ماڈلز اور چھوٹے حصے آسانی سے تیار کیے جا سکتے ہیں۔ یہ پرنٹرز پیچیدہ اور منفرد ڈیزائنز کو عین اسی طرح پرنٹ کرتے ہیں جیسا کہ CAD میں بنایا گیا ہو۔ اسی طرح *CNC Milling Machines* اور Carvers بھی CAD ڈیزائنز کو حقیقت میں تبدیل کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ یہ مشینیں نہایت دقیق (precise) اور تفصیلی کٹائی کرتی ہیں، جس سے فرنیچر کی خوبصورتی اور معیار میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔ *Laser Cutters* بھی CAD ڈیزائنز کو لکڑی، دھات یا دوسرے مواد پر نقش کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں، جو خاص طور پر انٹیریئر ڈیزائنز میں اہم ہیں۔ ان جدید ٹیکنالوجیز کی بدولت فرنیچر اور انٹیریئر ڈیزائن کا کام پہلے سے کہیں زیادہ تیز اور آسان ہو گیا ہے۔ جہاں پہلے ایک ڈیزائن بنانے اور اسے تیار کرنے میں کئی دن لگتے تھے، وہاں اب یہ کام چند گھنٹوں میں مکمل ہو جاتا ہے۔ CAD اور AI کی مدد سے ڈیزائننگ کے عمل میں انسانی غلطیوں کے امکانات بھی کم ہو گئے ہیں، اور نتیجہ زیادہ معیاری اور دلکش ہوتا ہے۔ فرنیچر اور انٹیریئر ڈیزائن کے شعبے میں AI اور مشین لرننگ کی مزید ترقی کی توقع ہے۔ جلد ہی ایسے سافٹ ویئر دستیاب ہوں گے جو نہ صرف ڈیزائن تیار کریں گے بلکہ مواد کے انتخاب، قیمتوں کا تخمینہ اور پروڈکشن کے عمل کو بھی خودکار طریقے سے انجام دیں گے۔ اس کے علاوہ، 3D پرنٹنگ ٹیکنالوجی میں ہونے والی ترقی فرنیچر کی تیاری کو مزید آسان اور سستا بنا دے گی۔

CAD، AI، اور جدید مشینری نے فرنیچر اور انٹیریئر ڈیزائن کے شعبے کو ایک نئی جہت دی ہے۔ ان ٹیکنالوجیز کی بدولت نہ صرف ڈیزائننگ اور تیاری کا عمل آسان ہوا ہے بلکہ ان کے ذریعے پیچیدہ اور تخلیقی ڈیزائنز کو حقیقت کا روپ دینا بھی ممکن ہو گیا ہے۔ مستقبل میں ان ٹیکنالوجیز کے مزید فروغ سے یہ شعبہ مزید ترقی کرے گا اور نئے افق تک پہنچے گا۔







# Pak Wood

## Furnishers

We believe in customer's satisfaction.



G.T. Road Gujrat

Email: moeenchz@gmail.com

Mob: 0321-6201124

---

# MUHAMMAD BOOTA WOOD WORKS



## CEO: BASHARAT ALI JANJUA

IQBAL TOWN SARGODHA ROAD GUJRAT

# آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے فرنیچر کی ایکسپورٹ بڑھانے کیلئے عملی اقدامات

## وفد نے وائس چانسلر جامعہ گجرات سے خصوصی ملاقات کر کے MOU سائن کیا



APFMA کے تمام ممبران نے حکومت کے ''اڑان پاکستان'' پروگرام کے تحت فرنیچر کی ایکسپورٹ کو بڑھانے کے لئے آپس میں مشاورت کی۔ جس میں اس مقصد کے حصول کے لئے عملی اقدامات پر غور کیا گیا۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

1۔ مارکیٹنگ کے لئے ویب سائٹ' یوٹیوب' ٹک ٹاک وغیرہ کے آئی ٹی ٹولز کو استعمال کیا جائے۔

2۔ ایکسپورٹ کو برھانے کے لئے انڈسٹری میں موجود تمام ہنر منداور ماہر حضرات خاص طور پر IT کے میدان میں تجربہ رکھنے والے اشخاص کو شامل کر کے ایک JV بنائی جائے جو کہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے عملی طور پر کام کرے۔ ایک وفد بنایا گیا جو کہ UOG کے وائس چانسلر سے ملاقات کر کے یونیورسٹی سے ان مقاصد کو پورا کرنے کے لئے معاونت حاصل کرے گا۔

3۔ فرنیچر انڈسٹری کی ڈاکومینٹری بنائی جائے جو کہ انڈسٹری کا مکمل تعارف کروائے اور اس کی Capacity اور پراڈکٹس کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرے۔

آل پاکستان فرنیچر میکرز ایسوسی ایشن کے وفد نے وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر محمد مشاہد انور اور ڈائریکٹر عادل رشید اور انکی ٹیم سے ملاقات کی۔ Academia and Industry Linkage کے تحت ایک MOU بنایا گیا۔ وائس چانسلر نے انڈسٹری کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ وفد میں چیئرمین APFMA حاجی محمد افضل' عنصر محمود گھمن' حماد اسلم' زاہد فیاض شامل تھے۔


CREATIVE HANDS
Furniture & Interiors
Committed to bring what you will love!....
Majid Iqbal
00923216288882
G.T Road Gujrat Pakistan. Www.creativehandinteriors.com creativehandinteriors@gmail.com


Al-Ghosia
ISO 9001:2008
CERTIFIED COMPANY
ENERGY SAVER
الغوثیہ
فین
معیار ہمارا وعدہ
ہوا دے زیادہ
دانش میٹل ورکس 31-A سمال انڈسٹری اسٹیٹ گجرات 053-3520205




BESPOKE
FURNITURE

CORPORATE
FURNISHINGS





DECENT
FURNISHERS
(Pvt.) Ltd, Gujrat.

OPPOSITE SERVICE COLONY G,T ROAD GUJRAT

+92 322 594 8445



پاکستان کا ھائی وولٹیج
30 واٹ پنکھا بنانے والا پہلا ادارہ
عام پنکھے 100 سالہ پرانی ٹیکنالوجی سے تیار ہوتے ہیں جبکہ
تیمور فین جدید EC ٹیکنالوجی کی بدولت آپکو دیتا ہے
انرجی سیور فین
لہذا نئی ٹیکنالوجی اپنائیں تیمور فین ہی لگائیں
3 in 1 AC/DC
SOLAR 24" ایکوسپریم
AC-90W DC-6Amp
70 % بجلی کی یقینی بچت
پرسکون زندگی
eco-smart
Tamoor
30W FANS
تیمور فین
PMSM MOTOR TECHNOLOGY
UKAS MANAGEMENT SYSTEMS 0026
ISO 9001 ISOQAR REGISTERED alcumus.com
Pakistan Standards
NEECA
ISO 9001 CERTIFIED
تیمور فین کمپنی (رجسٹرڈ) سمال انڈسٹریل اسٹیٹ جی ٹی روڈ گجرات
053-3726360 053-3726378

# M.F FURNISHERS

High Class Furniture manufacturer



**Display:** G.T Road , Gujrat

**Ph:** 053-3706075, 0333-6278684

**Email:** mf.furniture786@gmail.com